۶۰ سال پہلے

شاہ کار: ماہوار مجلّہ زیر ادارت جناب مولانا تاجور نجیب آبادی و حضرت راشد ایم اے۔ قیمت: سالانہ چھ روپے۔ دفتر شاہ کار' مزنگ' لاہور---- ہندستان کے بلند پایہ ادبی پرچوں میں اس پرچے کا اضافہ حال ہی میں ہوا ہے۔ اردو ادب کی قریب قریب جملہ اصناف کے متعلق چیدہ اور مختصر مضامین اس میں شائع ہوتے ہیں--- کسی زبان کے رسالوں اور اخباروں کی ترقی زیادہ تر اہل زبان کے ذوق مطالعہ پر منحصر ہوتی ہے مگر یہاں یہ حال ہے کہ خود ہندستان میں انگریزی رسالوں کی تعداد اشاعت پچاس پچاس ہزار تک پہنچ جاتی ہے' اور اردو رسالوں کو ہزار دو ہزار سے زیادہ خریدار میسر نہیں آتے۔ ایسی حالت میں اردو صحافت کا معیار بلند ہو تو کیسے ہو؟

شریعت: ہفتہ وار: ایڈیٹر محمد صبیب اللہ صاحب بی اے علیگ۔ مقام اشاعت عبداللہ پور ضلع لائل پور (پنجاب) چندہ سالانہ چار روپے--- حافظ محمد عبداللہ صاحب ممبر لیجسلیٹو اسمبلی کی نگرانی میں یہ نیا اخبار جاری ہوا ہے۔ اسلامی خیالات کی اشاعت اور مسلمانوں کے مفاد کی حمایت اس کا مقصد ہے اور خصوصیت کے ساتھ یہ جس چیز کے لیے جدوجہد کرنا چاہتا ہے' وہ یہ ہے کہ ہندستان کے مسلمان رسم و رواج کا قانون چھوڑ کر اسلامی شریعت ہی کو اپنے لیے واحد قانون تسلیم کریں' اور حکومت کو بھی مجبور کیا جائے کہ وہ مسلمانوں کے تمام ان معاملات میں جن کا تعلق (Personal) سے ہے' صرف اسلامی شریعت کو اپنی عدالتوں میں نافذ کرے۔ اس غرض کے لیے حافظ محمد عبداللہ صاحب اسمبلی میں ایک مسودہ قانون بھی پیش کرنے والے ہیں۔ ضرورت ہے کہ تمام مسلمانوں کی طرف سے اس تحریک کی پرزور تائید ہو۔

اخبار مسلمان: زیر ادارت مولوی محمد حنیف صاحب ندوی و عبدالمجید صاحب خادم۔ مقام اشاعت سوہدری ضلع گوجرانوالہ (پنجاب) چندہ سالانہ چار روپے پچاس پیسے---- یہ پنجاب کا پرانا اخبار ہے۔ اب اس نے ایک نیا چولا بدلا ہے۔ جو ہر طرح پرانے سے بہتر ہے۔ مضامین زیادہ تر مذہبی رنگ کے ہیں۔ اور عام مذہبی پرچوں کی طرح ان کا رخ جلال و نزاع کی طرف نہیں بلکہ اصلاح اور دعوت الی الخیر کی طرف ہے۔ پنجاب میں خصوصیت کے ساتھ یہ چیز مغتنمات میں شمار کرنے کے لائق ہے۔ (ا۔م)

(ترجمان القرآن' جلد ۶' عدد ۵' اگست ۱۹۳۵)